


# پی سی بی کا ڈومیسٹک سیزن 2024-25 میں تین نئے چیمپئنز ٹورنامنٹس منعقد کرنے کا اعلان

- 150 ڈومیسٹک کرکٹرز کے معاوضوں میں بھی اضافہ کرنے کا فیصلہ

- تینوں فارمیٹس کے چیمپئنز کپ کا مقصد کھیل کا معیار بلند کرنا ہے، محسن نقوی

**لاہور، 5 اگست 2024ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈومیسٹک سیزن 2024-25 میں تین نئے چیمپئنز ٹورنامنٹس شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ان ٹورنامنٹس کے انعقاد کا مقصد ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کرکٹ کے درمیان فرق کو کم کرنا، ایک سخت زیادہ مسابقتی اور ہائی پریشر کرکٹ کھیلنے کا ماحول فراہم کرنا اور اپنے مستقبل کے اسٹارز کے لیے بہتر آمدنی کے مواقع پیدا کرنا ہے۔

مینز ڈومیسٹک کرکٹ سیزن 2024-25 میں یہ تین نئے ٹورنامنٹس چیمپئنز ون ڈے کپ، چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ اور چیمپئنز فرسٹ کلاس کپ پہلے سے موجود ٹورنامنٹس کے ساتھ شامل ہونگے جن میں قومی ٹی ٹوئنٹی کپ، قائداعظم ٹرافی (ریجنل فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ)، پریذیڈنٹ ٹرافی (ڈپارٹمنٹل فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ)، پریذیڈنٹ کپ (ڈیپارٹمنٹل 50 اوورز ایونٹ)، اور ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ شامل ہیں۔ یہ سیزن یکم ستمبر 2024 سے 5 اگست 2025 تک جاری رہے گا۔

تین چیمپیئنز ٹورنامنٹس کے اضافے کے بعد پی سی بی اب مردوں کے آٹھ سینئر ٹورنامنٹس میں کل 261 میچز کا انعقاد کرے گا۔ ان تین ایونٹس میں 131 فرسٹ کلاس میچز، دو ایونٹس میں 40 پچاس اوورز کے میچز اور تین ایونٹس میں 97 ٹی ٹوئنٹی میچز شامل ہیں۔

24-2023 سیزن میں، پی سی بی نے مردوں کے چھ سینئر ٹورنامنٹس میں 203 میچز کا انعقاد کیا تھا جس میں دو ٹورنامنٹس میں 51 فرسٹ کلاس میچز، دو ایونٹس میں 55 پچاس اوورز کے میچز اور 97 ٹی ٹوئنٹی میچز شامل تھے۔

نئے متعارف کرائے گئے چیمپئنز ٹورنامنٹ کی نمایاں خصوصیات یہ ہیں:

چیمپئنز کپ کے ہر ایونٹ میں پانچ سائیڈز مقابلہ کریں گی جن کے نام ڈولفنز۔ لائنز۔ پینتھر۔ اسٹالینز اور وولز ہیں۔

چیمپئنز کپ کا ہر ایونٹ ڈبل لیگ فارمیٹ میں کھیلا جائے گا۔

گزشتہ تین برسوں سے سب سے بہترین کارکردگی دکھانے والے تقریباً 150 ڈومیسٹک کھلاڑی اور موجودہ سینٹرل کنٹریکٹ یافتہ کھلاڑی سلیکشن کے لیے دستیاب ہوں گے (مزید تفصیلات وقت پر شیئر کی جائیں گی)

ہر ٹیم میں ایک سابق پاکستانی سپر اسٹار بطور مینٹور اور ممکنہ طور پر ایک مالک کے طور پر ہو گا (مینٹور اور مالک کے نام کی تفصیلات کا اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا)

ہر ٹیم کے پلیئر سپورٹ اسٹاف میں ہیڈ کوچ (کم از کم لیول 3 اور فرسٹ کلاس سائیڈ کے ساتھ کم از کم پانچ سال) بیٹنگ / بولنگ / فیلڈنگ کوچز (کم از کم لیول 3، تین سالہ تجربہ)، اسٹرینتھ اینڈ کنڈیشننگ کوچ، فزیو تھراپسٹ، انالسٹ، آپریشنز مینیجر، اور میڈیا / ڈیجیٹل میڈیا منیجر شامل ہونگے۔

ہر ٹیم کے لیے فیصل آباد (ہائی پر فارمنس سینٹر فیصل آباد) کراچی (حنیف محمد ہائی پر فارمنس سینٹر) لاہور (نیشنل کرکٹ اکیڈمی) ملتان (انضمام الحق ہائی پر فارمنس سینٹر) اور سیالکوٹ (ہائی پر فارمنس سنٹر، سیالکوٹ) ٹریننگ اور پریکٹس کے لیے مختص ہو گی۔

ڈومیسٹک کنٹریکٹ 150 کرکٹرز کو اس طرح پیش کیے جائیں گے۔ کیٹگری 1 میں 40 کھلاڑی 550,000 روپے ماہانہ؛ کیٹگری 2-50 کھلاڑی 400000 روپے ماہانہ۔ کیٹگری 3-60 کھلاڑی 250,000 ماہانہ

پچھلے سیزن میں ڈومیسٹک کنٹریکٹس میں اے پلس کیٹیگری کے لیے تین لاکھ اے کیٹیگری کے لیے دو لاکھ روپے۔ بی کیٹگری کے لیے ایک لاکھ پچاسی ہزار۔ سی کیٹگری کے لیے ایک لاکھ ستر ہزار۔ ڈی کیٹگری کے لیے ڈیڑھ لاکھ ای کیٹگری کے لیے ایک لاکھ اور ایف کیٹگری کے لیے پچاس ہزار روپے رکھے گئے تھے۔

ماہانہ ریٹینرز کے علاوہ کھلاڑیوں کو درج ذیل میچ فیس ملے گی:

ریڈ بال کرکٹ کے لیے دو لاکھ روپے۔ پچاس اوورز میں ایک لاکھ پچیس ہزار روپے اور ٹی ٹوئنٹی میچوں میں ایک لاکھ روپے شامل ہیں

2023-24 کے سیزن میں ریڈ اور وائٹ بال کرکٹ کے لیے بالترتیب 80,000 اور 40000 میچ فیس تھی۔

ہر ٹیم کا ایک کارپوریٹ اسپانسر ہو گا۔ آمدنی کے دیگر سلسلے میں براڈکاسٹ اور لائیو اسٹریمنگ کے حقوق، ایونٹ ٹائٹل اسپانسرشپ، گراؤنڈ برانڈنگ کے حقوق، اور ٹکٹوں کی فروخت اور مرچنڈائز شامل ہوں گے۔

چیمپئنز ون ڈے کپ سے پی سی بی مینز ڈومیسٹک کرکٹ سیزن 2024-25 کے سیزن کا آغاز ہو گا جو یکم سے 29 ستمبر تک 21 میچوں کا ٹورنامنٹ کھیلا جائے گا۔

پی سی بی مینز ڈومیسٹک کرکٹ سیزن کا آخری ٹورنامنٹ چیمپئنز فرسٹ کلاس کپ ہوگا جو 28 مئی سے 5 اگست 2025 تک منعقد ہوگا۔

اگست 2024 سے ستمبر 2025 کے عرصے میں مردوں کے آٹھ سینئر ٹورنامنٹس کے علاوہ پی سی بی 11 ڈولپمنٹ / پاتھ وے ٹورنامنٹس بھی منعقد کرے گا جو تین پاکستان شاہینز اور ایک پاکستان انڈر 19 سیریز سے الگ ہوں گے۔ اس کا ممکنہ طور پر مطلب یہ ہے کہ ابھرتے ہوئے اور آنے والے نوجوانوں سے اسکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں، کلبوں، U15، U17، U19، علاقائی انٹر ڈسٹرکٹ سینئر اور چیلنج لیگ سینئر کی سطح پر تمام فارمیٹس میں تقریباً 13,000 میچز متوقع ہیں۔

پی سی بی مینز ڈومیسٹک کرکٹ سیزن 2024-25 میں مردوں کے آٹھ سینئر ٹورنامنٹس کی عارضی تاریخیں یہ ہیں (شیڈول، فارمیٹس اور دیگر تفصیلات کا اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا)

چیمپئنز ون ڈے کپ یکم تا 29 ستمبر (پانچ ٹیمیں، 21 میچز) (نیا ایونٹ)
پریذیڈنٹ کپ (50 اوورز) 3 تا 15 اکتوبر (نو ٹیمیں، 19 میچز) (سات ٹیمیں، 24 میچز 2023-24)
قائد اعظم ٹرافی: 20 اکتوبر تا 18 دسمبر (18 ٹیمیں، 73 میچز) (آٹھ ٹیمیں، 29 میچز 2023-24)
چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ۔: 21 تا 2 جنوری (پانچ ٹیمیں، 21 میچز) (نیا ایونٹ)
پریذیڈنٹ ٹرافی (فرسٹ کلاس) 6 جنوری تا 7 مارچ (9 ٹیمیں، 37 میچز) (سات ٹیمیں، 22 میچ 2023-24)
قومی ٹی ٹوئنٹی کپ 13 تا 21 مارچ (18 ٹیمیں، 35 میچز) (18 ٹیمیں، 63 میچز 2023-24)
پاکستان سپر لیگ 2025: 10 اپریل تا 25 مئی (چھ ٹیمیں، 34 میچز) (2023-24 میں 34 میچز)
چیمپئنز فرسٹ کلاس کپ: 28 مئی تا 5 اگست (پانچ ٹیمیں، 21 میچز) (نیا ایونٹ)

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا کہنا ہے کہ ہماری موجودہ اسٹینڈنگز ٹیسٹ میں چھٹے، ون ڈے میں چوتھے اور ٹی ٹوئنٹی میں ساتویں نمبر پر پاکستان کرکٹ کی حقیقی صلاحیت اور میراث کی عکاسی نہیں کرتی۔ عالمی کرکٹ میں اپنا صحیح مقام بحال کرنے کے لیے ہمیں اپنے

ڈومیسٹک ڈھانچے میں جدت اور حکمت عملی سے اضافہ، وسعت اور مضبوطی لائی ہوگی۔ تین چیمپئنز ٹورنامنٹس کا تعارف اس سمت میں ایک جرات مندانہ قدم ہے۔

محسن نقوی کا کہنا ہے کہ چیمپئنز ٹورنامنٹس ڈومیسٹک کرکٹ سے ہمارے سب سے زیادہ باصلاحیت اور مستقل پرفارمرز کو ہمارے سینٹرل کنٹریکٹ یافتہ کھلاڑیوں کے ساتھ اکٹھا کریں گے اور ایسا ماحول بنائیں گے جو بین الاقوامی کرکٹ کا آئینہ دار ہو۔ براڈکاسٹ میچز، لیجنڈری مینٹورز، ایلیٹ کوچنگ اسٹاف اور وسیع میڈیا کوریج کے ساتھ، یہ ٹورنامنٹ ہمارے کھلاڑیوں کو وہ ایکسپوژر اور تجربہ فراہم کریں گے جس کی انہیں ضرورت ہے۔

انہوں نے کہا کہ یہ ٹورنامنٹس صرف ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کرکٹ کے درمیان فرق کو ختم کرنے کے بارے میں نہیں ہیں بلکہ یہ ہمارے پورے کرکٹ کے ماحولیاتی نظام میں انقلاب برپا کرنے اور پھر سے جوان کرنے کے بارے میں ہیں۔ ہم اسکولز کالجز اور یونیورسٹیز سے انٹر ڈسٹرکٹس اور پھر ریجنل اور ڈیپارٹمنٹل مقابلوں تک کے پاتھ وے کے ذریعے آنے والی کرکٹ اسٹارز کی نسل کی پرورش کر رہے ہیں۔

محسن نقوی نے کہا کہ میں پاکستان کرکٹ کے مستقبل کے بارے میں پُرامید ہوں ہم بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کے لیے بہترین ٹیلنٹ تلاش کرکے انہیں تیار کرنے کے لیے وقف ہیں۔ چیمپئنز ٹورنامنٹس ہمارے کھلاڑیوں کو یہیں پر بین الاقوامی کرکٹ کی سختیوں اور دباؤ کا تجربہ کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ یہ ایک مضبوط اور انتہائی مسابقتی ڈھانچہ کی تعمیر کے لیے اہم ہے۔

-ENDS-

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

**Commercial Partners**

**Broadcast & Live Streaming Partners**

**Pathway Cricket Programme**

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4